صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 19 ستمبر 2011ء بمطابق 20 شوال 1432 ہجری شام چھ بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

فَٱسۡتَقِمۡ كَمَآ أُمِرۡتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطۡغَوۡاْ ۚ إِنَّهُۥ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٌ O وَلَا تَرۡكَنُوٓاْ إِلَى ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ فَتَمَسَّكُمُ ٱلنَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِنۡ أَوۡلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ O وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ طَرَفَيِ ٱلنَّهَارِ وَزُلَفً۬ا مِّنَ ٱلَّيۡلِ ۚ إِنَّ ٱلۡحَسَنَـٰتِ يُذۡهِبۡنَ ٱلسَّيِّـَٔاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكۡرَىٰ لِلذَّٰكِرِينَ O وَٱصۡبِرۡ فَإِنَّ ٱللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجۡرَ ٱلۡمُحۡسِنِينَ و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

(ترجمہ): سو (اے پیغمبر) جیسا تم کو حکم ہوتا ہے (اس پر) تم اور جو لوگ تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں قائم رہو۔ اور حد سے تجاوز نہ کرنا۔ وہ تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے۔ اور جو لوگ ظالم ہیں، ان کی طرف مائل نہ ہونا، نہیں تو تمہیں (دوزخ کی) آگ آ لپٹے گی اور خدا کے سوا تمہارے اور دوست نہیں ہیں۔ اگر تم ظالموں کی طرف مائل ہوگئے تو پھر تم کو (کہیں سے) مدد نہ مل سکے گی۔ اور دن کے دونوں سروں (یعنی صبح اور شام کے اوقات میں) اور رات کی چند (پہلی) ساعات میں نماز پڑھا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ ان کے لیے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔ اور صبر کیے رہو کہ خدا نیکو کاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر پر ایک ضروری بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: بی بی! 'کوئسچنز آور' کے بعد۔ کوئسچنز بس دا یو خو دی دومرہ نہ دی اور یہ تمام پارلیمانی پارٹی کے مشران سے گزارش ہے کہ آج جو اتنا لیٹ سیشن رکھا ہے تو بھی بڑی Thin حاضری ہے، یہ بڑی زیادتی ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! حکومت کی طرف سے حاضری کم ہے، ہماری حاضری ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: نہ نہ ادھر دیکھو نا، یہ حکومت کے علاوہ بھی دیکھو، نہ نہ اس طرف بھی دیکھو، یہ حالت بھی دیکھو، وہ بھی دیکھو، یہ بھی دیکھو، سب دیکھو، برا حال ہے۔ اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔ آپ بھی ساری پارٹی سے ایک ہی بندے آئے ہیں۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: سپیکر صاحب! Responsibility گورنمنٹ باندے ځکہ زیاتہ راځی چہ هغوی اجلاس راغوښتے دے۔

جناب سپیکر: دا ټولو باندے ده جی چہ کوم د دے ایوان حلف واخلی هغه ټولو باندے ده۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: اجلاس هغوی راغوښتے دے، پکار ده چہ هغوی د خپل تعداد پوره کړی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہ رہی تھی کیونکہ بابک ایسا نہ ہو کہ چلیں جائیں کیونکہ یہ-----

جناب سپیکر: نہیں چلیں گے، نہیں چلیں گے، نہیں جائیں گے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے جناب سپیکر، اگر آپ اجازت دے دیں تو۔

جناب سپیکر: نہیں، اس میں آ جائیں نا، اس پہ سوال ہے، آج اس کا سوال ہے۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

* 5 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا محکمہ گزشتہ تین سالوں سے مقامی طور پر زمینداروں سے گندم خرید رہا ہے؛

(ب) ضلع ڈی آئی خان میں بھی مقامی طور پر زمینداروں سے گندم خریدی گئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مقامی طور پر گندم کی خریداری سے حکومت اور مقامی زمینداروں کو کیا فائدہ ہو رہا ہے، نیز خریداری اور ادائیگی کا طریقہ کار کیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) محکمہ کی طرف سے اس ضمن میں مقررہ کردہ سیل پوائنٹس اور ان کی کارکردگی کی مکمل تفصیل بمعہ بقایاجات اگر ہوں تو فراہم کی جائے؟

جناب محمد شجاع خان (وزیر خوراک): (الف) جی ہاں، درست ہے کہ محکمہ خوراک، صوبہ خیبر پختونخوا گزشتہ تین سالوں سے صوبے کے مختلف اضلاع میں گندم کی خریداری کر رہا ہے۔

(ب) جی ہاں یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ تین سالوں کے دوران ڈی آئی خان میں مقامی زمینداروں اور دیگر لوگوں سے گندم خریدی گئی ہے۔ (تفصیل فراہم کی گئی)

(ج) (i) مقامی طور پر گندم کی خریداری سے ایک طرف حکومت کو ٹرانسپورٹیشن اور اتفاقیہ اخراجات کی مد میں کروڑوں روپوں کی بچت ہوتی ہے جبکہ زمینداروں کو حکومت کی طرف سے مقرر کردہ قیمت پر گندم کی قیمت ادا کی جاتی ہے جو زمینداروں کے مفاد میں ہوتی ہے۔ زمینداروں کو بروقت ادائیگی سے ان میں زیادہ گندم اگانے کی دلچسپی بڑھ جاتی ہے جس سے ملک گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہوتا ہے اور اس وجہ سے بیرونی ممالک سے گندم کی درآمد پر جو اربوں روپے خرچ ہوتے ہیں، اس کی بچت ہوتی ہے۔ گندم کی خرید اور قیمت کی ادائیگی کا طریقہ کار یوں ہے کہ ہر ضلع میں گندم کی خریداری کیلئے متعلقہ ڈی ایف سی کی سربراہی میں نگران کمیٹیاں قائم ہیں جن کے ممبران میں DO(R&E) اور EDO محکمہ زراعت کے نمائندگان شامل ہیں۔ (کمیٹی کی تشکیل اور دائرہ کار سے متعلق محکمہ خوراک حکومت خیبر پختونخوا کے اعلامیہ بحوالہ No.SOF (Food Deptt)2-1/1892 dated 25th April 2011 ملاحظہ کیا گیا)۔ امسال خریداری مہم کی کامیابی کیلئے بینک آف خیبر اور فرسٹ ویمن بینک سے 9.5 ارب روپے کو بطور قرض حاصل کرنے کے بعد اضلاع کیلئے مقرر شدہ خریداری کے ہدف کی مناسبت سے متعلقہ اضلاع میں واقع ان بینکوں کی برانچوں میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ فروخت کنندگان کو باسہولت ادائیگی ہو سکے۔ خریداری مرکز پر گندم پہنچنے پر اس کا معیار پرکھا جاتا ہے اور خریداری کے قابل پائے جانے کے بعد حکومت کے مقرر کردہ فارم پر اس کا بل بنا کر ایک پرت گندم فروخت کنندہ کو دی جاتی ہے جو بینک کی مقررہ برانچ

پر لے جا کر مطلوبہ رقم حاصل کرتا ہے۔ مقررہ اوقات کار کے اندر بینک پر نہ پہنچنے کی صورت میں دوسرے دن اسے ادائیگی ہو جاتی ہے۔

(ii) صوبہ کے دوسرے اضلاع کی طرح ڈی آئی خان میں بھی صرف ایک ہی سنٹر یعنی غلہ گودام (PRC D.I.Khan) میں گندم کی خریداری کیجاتی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ابھی تک محکمہ خوراک خیبر پختونخوا نے سارے صوبہ میں گندم کی جتنی بھی خریداری کی ہے، اس میں اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ گندم کے فروخت کنندہ کو بینک سے اس کی مطلوبہ رقم کی ادائیگی بروقت اور بلا تاخیر ہو۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: سر! میں مشکور ہوں۔ سر، یہ سوال محکمہ خوراک سے متعلق ہے اور ابھی منسٹر صاحب سے میری اس پہ مختلف حوالوں سے ڈسکشن ہوئی ہے۔ میں سر ان کی توجہ چاہوں گا کہ جز (ب) میں میں نے ان سے پوچھا ہے کہ یہ جو ضلع ڈی آئی خان میں آپ نے مقامی زمینداروں سے گندم خریدی ہے تو اس کی تفصیلات وغیرہ؟ انہوں نے لکھا ہے کہ ڈی آئی خان سے بھی ہم نے تین سالوں میں زمینداروں اور دیگر لوگوں سے گندم خریدی ہے۔ تو پہلے تو سر میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ زمیندار تو زمیندار ہو گیا یہ 'دیگر' لوگ کون ہیں؟ نمبر ون۔ دوسری سر میری ان سے یہ گزارش ہے کہ جز (ب) کے (i) میں میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ کا طریقہ کار کیا ہے؟ یہ کہتے ہیں کہ فرسٹ ویمن بینک سے ہم ساڑھے نو ارب روپے لیتے ہیں جو کہ پھر Reimbursement کرتے ہیں جہاں سے ہم 'پرچیز' کرتے ہیں۔ سر، میں ان کی توجہ چاہوں گا کہ یہ آگے چل کر جو انہوں نے فگرز دیئے ہیں، ڈی آئی خان میں 2010ء میں جو 'پرچیز' ہوئی ہے، وہ تقریباً Eight billion کی ہوئی ہے اور 2011ء کی جو 'پرچیز' ہے، وہ بھی تقریباً چھیانوے کروڑ کی ہے۔ جو سر ٹیفکیٹ لکھا ہوا ہے، سر ٹیفکیٹ میں کہتے ہیں The above mentioned quantity has been purchased from the growers، یعنی صرف زمیندار، جبکہ جواب میں کہا جاتا ہے کہ زمیندار بھی ہیں اور دیگر لوگ بھی ہیں۔ ساتھ ہی سر میری ان سے یہ گزارش ہے کہ جو انہوں نے Annexure دیا ہے، اس میں جو PRC, D.I.Khan انہوں نے لکھا ہوا ہے، وہاں پہ کوئی پچاس ہزار میٹرک ٹن ہو گی اور جو انہوں نے لکھا ہے 2010-11 کا، لیکن یہاں پہ جب میں ان فگرز کو Calculate کرتا ہوں تو 42,745 میٹرک ٹن کی 'پرچیز 2010' ء میں ہے اور 2011ء میں 40,449، تو میری جناب منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہے کہ یہ کافی ٹیکنیکل ایشوز ہیں، میں یہ نہیں کہتا کہ یہ ایک انہوں نے نیا Initiative لیا تھا، مارکیٹ سے گندم خریدتے تھے اور ان کا یہ خیال

ہے کہ ہم Incidental جو چار جز ہیں، ان کو بچا رہے ہیں۔ جہاں تک میں نے Workout کیا ہے، میری ان سے یہ گزارش ہے کہ آپ جو ساڑھے نو بلین کا قرضہ لیتے ہیں، اس پہ جو 'مارک اپ' ہے، وہ پھر آپ کہاں سے Meet out کرتے ہیں؟ تو اگر وہ آپ Meet out کرتے ہیں اس کا مقصد یہ ہوا کہ کوئی As such saving نہیں ہو رہی اور جو 'کوالٹی' تھی جو پاسکو Ensure کرتا تھا، میرے خیال میں وہ بھی نہیں رہی بلکہ اور اس میں ایسے ذرائع آ رہے ہیں، تو اگر مناسب سمجھیں تو آپ اس کو کمیٹی کو ریفر کر دیں، میں مشکور ہوں گا۔

<u>حافظ اختر علی:</u> جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی حافظ اختر علی صاحب فرسٹ۔ جی سپلیمنٹری سوال، سپلیمنٹری سوال۔

<u>حافظ اختر علی:</u> شکریه جناب سپیکر صاحب۔ د منسټر صاحب نه جی زما سوال دا دے چه دوی وائی چه مونږه د ټرانسپورټیشن د اخراجاتو نه د بچت د پاره مقامی طور باندے خریداری کوؤ، نو په ضلع بونیر کښے جی دوه ځایونه دی، یو مسکی کور دے او یو جووړ سالار زئی دے چه ډیر شومره موزوں ځائے دے نو هغه جووړ سالار زئی دے، د هغے وجه دا ده چه یو خو هلته کښے چه کوم متعلقه ایم این ایز، ایم پی ایز دی نو اکثریتی رائے په هغے حق کښے ده۔ دویمه په هغے کښے دا ده چه هغه سائیټ چه دے نو ډی ایف سی هغه موزوں قرار کړے دے، نو یو لرے ځائے چه هغه مسکی کور دے، د فرد واحد د مفاداتو د پاره ولے لرے اوړی؟ او هغه اخراجات په هغے باندے مزید سیوا راولی۔ که منسټر صاحب دا وضاحت اوکړی۔

<u>محترمہ نور سحر:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> جی نور سحر بی بی۔خو بونیر کښے دومره ډیر غنم وی چه تاسو خرخوئ هم پکښے۔

<u>حافظ اختر علی:</u> او جی، هلته کښے اوس ګودام جوړیږی لګیا دے جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> ښه ښه، دا خو ښه خبره ده۔ جی نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، میں نے منسٹر صاحب سے کوئسچن کرنا ہے کہ انکو ڈی ایف سی نے خالی بوریاں دی تھیں گندم کیلئے؟ اگر دی تھیں تو کتنی بوریاں انکو ملی ہیں اور کتنی گندم کا انہوں نے ٹینڈر کیا ہوا ہے؟

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Food.

وزیر خوراک: شکریہ، جناب سپیکر۔ جو ایشو اٹھایا ہے اسرار اللہ خان صاحب نے، یہ بڑی اہم بات ہے اور وہ بہت گہری نظر رکھتے ہیں ان سارے ایشوز پہ، اصل میں اس طرح تھا جی، میں تھوڑا سا Background بتادوں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے کہ آپ اسے کمیٹی کو ریفر کریں لیکن میں تھوڑا سا اس کا Background آپ کو عرض کرنا چاہتا ہوں۔ Basically آپ نے دیکھا جب پچھلی Regime تھی تو سلیمان شاہ صاحب جب ایڈوائزر تھے تو گندم کی قیمت پانچ سو روپے رکھی گئی تھی تو جب گندم کی قیمت پانچ سال تک پانچ سو روپے رہی تو ملک میں زمیندار نے گندم اگانا چھوڑ دی۔ جب یہ پولیٹیکل گورنمنٹ آئی تو اس نے اس میں سب سے پہلے سو روپے کا اضافہ کیا پرائم منسٹر صاحب نے، اور گندم کی قیمت پانچ سو سے چھ سو پچاس کر دی گئی اور آپ کو یاد ہوگا جناب سپیکر، کہ جب Caretaker government تھی تو یہاں پہ نو لاکھ پچاس ہزار ٹن گندم ملک سے باہر سے لانا پڑی جو تیرہ سو روپے من کے حساب سے گوادر پہ پہنچتی تھی۔ اس کے بعد کرایہ دیا جاتا تھا، اس کو یہاں پہنچانے کا، چھبیس سو روپے ٹن اور ساڑھے سات سو میں ہم اسے بیچتے تھے اس صوبے کے اندر، تو وہ سارے پیسے جو ہیں وہ اسی Incidental سے دیئے جاتے تھے۔ پھر بعد میں پرائم منسٹر صاحب نے چاروں صوبوں کے ایگریکلچر منسٹرز اور فوڈ منسٹرز بلائے اور گندم کی قیمت نو سو پچاس روپے فکس کی، جس کی وجہ سے جب گندم کی قیمت نو سو پچاس روپے فکسڈ ہوئی تو آپ کے ملک کے زمیندار نے دو سال کی گندم ایک سال میں آپ کو پیدا کر کے دی۔ اس سال بیس لاکھ ٹن گندم پہلے اجازت دی گئی جو آپ نے باہر دنیا کو بھیجی، پھر اس کے بعد جو اضافی گندم تھی، دس لاکھ ٹن مزید گندم باہر بھیجی گئی۔ جو ایشو اسرار اللہ خان صاحب نے اٹھایا کہ اس صوبے میں یہ رواج نہیں تھا کہ یہاں گندم کی Procurement ہو اور یہاں زمیندار سے خریدی جائے، آسان طریقہ ہوتا تھا کہ یہاں سے، پنجاب گورنمنٹ سے اور پاسکو سے خرید لی اور ان کے Incidental charges اور اس کا کرایہ ہم بھر دیتے تھے اس دوار ب میں سے، ہم نے دو سال پہلے Effort کی، پہلے سال صرف آٹھ ہزار ٹن ہم گندم Procure کر سکے، پھر اگلے سال کوشش کی، اس پہ Effort کی، اسے ایک لاکھ تک لے آئے۔ پھر تین لاکھ ہوئی، اس سال ہم نے چار لاکھ کا ٹارگٹ رکھا تھا جو ہم

Achieve نہیں کر سکے کہ چار لاکھ ٹن گندم ہم خرید سکتے زمیندار سے، کیونکہ یہ طے ہوا تھا فیڈرل گورنمنٹ میں کہ اس کو ایکسپورٹ کی اجازت اس وقت دی جائے گی جب صوبے اپنی ضرورت پوری کر لیں گے لیکن درمیان میں ان کو ایکسپورٹ کی اجازت مل گئی جس کی وجہ سے باقی جگہ پہ ہوا لیکن ہمیں اس میں، تو جو پچھلے سال ہم نے تین لاکھ ٹن گندم خریدی ہے، اس میں فوڈ ڈیپارٹمنٹ نے جو ان کی اپنی Calculation ہے، اسکے مطابق ہم نے دو ارب روپے کی Saving کی ہے۔ اگر یہ ہم پنجاب گورنمنٹ سے خریدتے یا ہم پیسکو سے خریدتے تو اس میں یہ ہمیں اضافی، باقی جو آپ اس میں جو Nitty-gritty ہے، بالکل یہ اگر کمیٹی کو ریفر کیا جائے تو اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے کہ اس میں یہ چیز ہو۔ جو بات معزز ممبر صاحب نے کی بونیر کے گودام کے متعلق، ہمارے پاس اس وقت صوبے میں صرف تین لاکھ ٹن گندم ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہے، گوداموں کی، سٹوریج کی، اور کم از کم تین مہینے کیلئے ایک Storage capacity ہمیں اس کو چھ لاکھ تک بڑھانا ہے۔ اگر کسی وقت وہ کرائسس آئے اور آپ نے دنیا سے، کسی جگہ سے منگوانی ہے تو کم از کم تین مہینے کا وہ سارا عرصہ لگتا ہے اس کیلئے، تو اس گورنمنٹ نے آ کر اس Capacity کو بڑھانے کیلئے مختلف اضلاع میں گودام قائم کرنا شروع کئے ہیں۔ اس میں بونیر ڈسٹرکٹ بھی ہے جس میں گودام نہیں تھا اور اس سال بن رہا ہے، اس کیلئے ایک جگہ خریدی گئی، پھر اس میں مختلف پولیٹیکل پرابلمز آ گئے، مختلف ایم پی ایز کے درمیان، میاں صاحب کو چیف منسٹر صاحب نے کمیٹی کا سربراہ مقرر کیا کہ ان کو بٹھا کے ایک بات طے کی جائے تاکہ یہ ایک جگہ پہ ہو لیکن وہ چیز بعد میں، ایک Consensus جب نہ بن سکا، ڈیپارٹمنٹ نے وہی جگہ Mention کی تھی جو ابھی خریدی گئی ہے۔ ڈیپارٹمنٹ نے وہی جگہ جو آج خریدی گئی ہے، وہی جگہ Mention کی تھی لیکن اس میں ابھی ہم نے دوبارہ چیف منسٹر کو سمری بھیجوادی ہے کہ اب دوسرا گودام، کیونکہ ہر ضلع میں ہم نے چھ سے سات گودام بنانے ہیں کہ دوسرے گودام کیلئے بھی ہمیں پیسے دے دیئے جائیں جو ابھی چیف منسٹر کے آفس گئی ہے، تو انشاء اللہ دوسری جگہ بھی ہم گودام بنا رہے ہیں، جدھر دوسری جگہ معزز ممبر کہہ رہے ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> بونیر میں؟

<u>وزیر خوراک:</u> بونیر میں جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی اسرار اللہ خان۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! جیسا کہ منسٹر صاحب نے کہا کہ Nitty-gritty طے کرنے کیلئے اگر یہ کمیٹی میں چلا جائے تو میں سر ان کا مشکور ہوں کیونکہ اس میں Financial implications----

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that

وہ تو انہوں نے Favour کی ہے نا کہ ان کو اعتراض نہیں ہے۔

Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried).

Mr. Speaker: The'Ayes' have it; The Question is referred to the concerned Committee. Second Question.

وہ بھی اسرار اللہ خان! آپ کا ہے، یہ بھی یہی ہے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: یہ سر اس سے Related ہے لیکن یہ سوال نمبر 39 تھا تو جواب نہیں آیا، آپ نے---

جناب سپیکر: یہ پھر جواب نہیں آیا میاں صاحب، اتنی سخت ڈائریکشنز کے بعد بھی جواب نہیں آیا ہے؟ اس پر تو Breach of Privilege کا نوٹس ایشو کیا جائے جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میری گزارش یہ ہے کہ اگر منسٹر صاحب مناسب سمجھیں کیونکہ یہ تین ایشوز ایسے تھے کہ ایک دوسرے سے Related تھے، میں نے ان پہ تین مختلف طریقوں سے سوال بھیجے تھے، اگر یہ Agree کریں تو ہم بھیج دیتے ہیں، نہیں تو انتظار کر لیں گے، جیسے مناسب سمجھیں۔

محترمہ نور سحر: سر! میں نے جو کوسچن کیا تھا، اس کا جواب منسٹر صاحب نے نہیں دیا۔

جناب سپیکر: نہیں وہ تو فریش کوسچن میں آرہا ہے، وہ تو فریش کوسچن آپ پوچھیں گی۔ نہیں۔

وزیر خوراک: سر! یہ اسرار خان کا جو دوسرا کوسچن ہے کیونکہ اس میں آدھا پارٹ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا تھا اور آدھا کام فنانس ڈیپارٹمنٹ کا تھا، وہ فنانس کو ریفر کیا گیا، اس وجہ سے اس کو واپس آنے میں ایک دن کی دیری ہوئی ہے۔ ہمیں اس پہ کوئی، یعنی کوئی چیز ایسی نہیں ہے، جسطرح مناسب سمجھتے ہیں، اگر اس کو بھی کمیٹی میں ڈسکس کرتے ہیں تو ڈسکس کریں۔

جناب سپیکر: شازی خان صاحب! یہ لکھا ہوا ہے، تیسرا دن ہے کہ نوٹس چیف سیکرٹری تک کو پہنچ چکا ہے میاں صاحب کی ڈائریکشنز پہ، پھر بھی اگر یہ لوگ جواب دینے میں ہچکچاتے ہیں تو مجھے سمجھ نہیں آتی۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر! اس کیلئے اگلے سیشن کیلئے کہا تھا۔

جناب سپیکر: وہ تو چھوڑیں، وہ تو آپ کا مسئلہ نہیں ہے، اسمبلی کا مسئلہ ہے۔

وزیر خوراک: جناب سپیکر! ممبر صاحب یہ چاہتے ہیں کہ اس کو بھی کمیٹی میں Club کر دیں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے اس چیز میں، ہاں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! میاں صاحب نے جو اس ضمن میں کہا تھا تو انہوں نے Next Session کی بات کی تھی۔ چونکہ کو سچنز جو ہیں، ابھی جہاں بھی دفتروں میں جائیں گے، ٹائم لگے گا، انہوں نے کہا تھا کہ Next Session میں انشاء اللہ کوئی کو سچین بھی باقی نہیں رہے گا اس لئے اس سیشن میں آپ سے معذرت خواہ ہیں، انشاء اللہ آئندہ اس کا خیال رکھا جائے گا۔

جناب سپیکر: Next Session تو اگلے سال آئے گا۔

سینیئر وزیر (بلدیات): انشاء اللہ جلد آئے گا۔

جناب سپیکر: نہیں ابھی تو ہم نے، میاں صاحب نے تہیہ کیا ہے کہ Hundred days پورے کریں گے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): وہ تو نہیں، نہیں کوئی ایسی بات نہیں ہے، انشاء اللہ یہ سیشن ختم ہو گا، پھر سیشن آئے گا انشاء اللہ۔۔۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب بات کو ٹالنے کی کوشش نہ کریں، جو آنریبل منسٹر صاحب نے کہا ہے، اس پہ عمل کیا جائے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بالکل میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ میاں صاحب نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: میری کیبنٹ کے سب سے اہم ترین رکن ہیں۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میاں صاحب نے Next Session کا کہا تھا اس لئے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں Next Session نہیں، وہ اسی کے متعلق تھا۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): آپ اتنی سختی نہ کریں۔

جناب سپیکر: میں نہیں کر رہا۔

سینیئر وزیر (بلدیات): آپ اتنی سختی نہ کریں، انشاء اللہ اگلی دفعہ پورے کوئسچنز آئیں گے اور میں اپنے بھائیوں سے درخواست کرتا ہوں۔۔۔

جناب سپیکر: Next Session کی بات نہیں ہے، اسی میں یہ 'کرنٹ' ابھی چھ چھ مہینے اور دو دو سال کوئسچنز۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! مختلف محکموں کے کوئسچنز ہوتے ہیں اور آپ کو پتہ ہے، اس کیلئے پھر جواب بھی اسی طریقے سے لانا پڑتا ہے اور میں اپنے بھائیوں سے درخواست کرونگا، انشاء اللہ Next Session میں آپ کے سارے کوئسچنوں کے جواب آجائیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، Next نہیں جی، نہیں This is wastage، اتنا بڑا خرچہ اسمبلی پہ ہو رہا ہے اور Next Session کیلئے انتظار نہیں کرنا ہے۔ یا تو آپ بھی Voluntarily سارے خرچے چھوڑ دیں تو پھر ٹھیک ہے Next Session میں آپ مفت میں۔۔۔۔

وزیر خوراک: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی؟

وزیر خوراک: جناب سپیکر! معزز رکن یہی کہہ رہے ہیں کہ اس کو بھی کمیٹی کو ریفر کر دیں۔

جناب سپیکر: اسرار اللہ خان! سیکنڈ۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، منسٹر Agree کر رہے ہیں کہ اس کو بھی کمیٹی کو ریفر کر دیں، ان کو اعتراض نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! آپ کمیٹی کو ریفر کر دیں۔

جناب سپیکر: جی یہ سارے کوئسچنز بس ایسے ہی کر لوں؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! یہ Related ہیں، یہ تو کر سکتے ہیں نا۔

جناب سپیکر: جس کا جواب ہی نہیں آیا ہے تو کیا۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میری گزارش یہ ہے کہ یہ صوبے کا ایشو ہے، اگر آپ اس کو دیکھیں۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر!

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: ایک منٹ شاہ حسین صاحب۔اس میں سر، اگر آپ دیکھیں، میں Basically یہ Prove کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: This is kept pending. Next Question, Israrullah Khan.

* 40 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ خوراک نے صوبہ بھر میں گندم کی خریداری کیلئے مختلف اضلاع کو اہداف دیئے ہیں;

(ب) گندم کی خریداری کا یہ عمل پچھلے چند سالوں سے جاری ہے، حالانکہ ماضی میں اسکی مثال نہیں ملتی;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مختلف اضلاع کے اہداف اور حصول شدہ اہداف کی تفصیل فراہم کی جائے;

(ii) ماضی میں خریداری کس طریقہ کار کے تحت کی جاتی تھی، نیز موجودہ طریقہ کار سے کیا مثبت اثرات سامنے آئے ہیں جس سے سرکاری خزانہ کو ریلیف ملا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد شجاع خان (وزیر خوراک): (الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ خوراک صوبہ خیبر پختونخوا نے صوبہ بھر میں گندم کی خریداری کیلئے مختلف اضلاع کو اہداف دیئے ہیں۔

(ب) جی ہاں یہ بھی درست ہے کہ خریداری کا یہ عمل گزشتہ تین سالوں سے جاری ہے حالانکہ ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی، اس سے قبل بہت تھوڑی مقدار میں گندم خریدی گئی ہے۔

(ج) (i) مختلف اضلاع کے اہداف اور حاصل شدہ اہداف کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) ماضی اور موجودہ وقت میں گندم کی خریداری کے طریقہ کار میں یہ فرق ہے کہ گزشتہ سالوں میں جب محکمہ خوراک گندم کی مقامی خریداری نہیں کرتا تھا تو اسے پیسکو پنجاب کے (Incidental) اخراجات اور پنجاب سے صوبہ خیبر پختونخوا تک ترسیل اور بار برداری کے اخراجات بھی ادا کرنا پڑتے تھے جبکہ گزشتہ دو سالوں سے محکمہ مقامی طور پر جتنا بھی ممکن ہو گندم کی خریداری کرتا ہے جس کی وجہ سے صوبائی خزانہ کو مندرجہ بالا اخراجات کی مد میں بہت بڑی بچت ہوئی ہے۔ مقامی طور پر گندم خریدنے کے بعد بھی جو ضرورت باقی رہ جاتی ہے تو محکمہ وہ گندم پنجاب سے خریدتا ہے۔

مقامی طور پر گندم کی خریداری کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ مقامی طور پر گندم کی خریداری سے حکومت کو ترسیل / بار برداری اور اتفاقیہ اخراجات کی مد میں کروڑوں روپوں کی بچت ہوئی ہے۔ امسال تاحال گندم کی خریداری مہم جاری ہے اور اس مد میں پہنچنے

والے مکمل مالی فائدے کا تخمینہ مہم کے اختتام پذیر ہونے پر لگایا جا سکے گا۔ تاہم گزشتہ سال محکمہ خوراک نے تین لاکھ ٹن گندم کی مقامی طور پر خریداری کی اور بار برداری اور متفرق اخراجات کی مد میں 2623 ملین روپے کی بچت ہوئی جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

2۔ مقامی زمینداروں کو حکومت کی طرف سے مقرر کردہ اہداف قیمت خرید پر گندم کی قیمت ادا کی گئی جو زمیندار کے مفاد میں ہے اور زمیندار کو بروقت ادائیگی سے ان میں زیادہ گندم اگانے کا جذبہ پیدا ہوا۔

3۔ ملک گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہوا اور اسی وجہ سے بیرونی ممالک کی درآمد پر جو اربوں روپے خرچ ہوتے تھے، اس کی بچت ہوئی۔

گندم کی خریداری اور قیمت کی ادائیگی کا طریقہ کار یوں ہے کہ ہر ضلع میں گندم کی خریداری کیلئے متعلقہ ڈی ایف سی کی سربراہی میں نگران کمیٹیاں قائم ہیں جن کے ممبران DO(R&E) اور EDO محکمہ زراعت کے نمائندہ گان شامل ہیں۔ (کمیٹی کی تشکیل اور دائرہ کار سے متعلق محکمہ خوراک حکومت خیبر پختونخوا کے اعلامیہ بحوالہ No.SOF (Food Deptt)2-1/1892 dated 25th April 2011 ملاحظہ کیا گیا)۔ امسال خریداری مہم کی کامیابی کیلئے بینک آف خیبر اور فرسٹ ویمن بینک سے 9,500 ارب روپے بطور قرض حاصل کرنے کے بعد اضلاع کیلئے مقرر شدہ خریداری کے ہدف کی مناسبت سے متعلقہ اضلاع میں واقع ان بینکوں کی برانچوں میں رقم تقسیم کی گئی تاکہ فروخت کنندہ گان کو باسہولت ادائیگی ہو سکے۔ خریداری مرکز پر گندم پہنچنے پر اس کا معیار پرکھا جاتا ہے اور خریداری کے قابل پائے جانے کے بعد حکومت کے مقرر کردہ فارم پر اس کا بل بنا کر ایک پرت گندم فروخت کنندہ کو دی جاتی ہے جو بینک کی مقررہ برانچ پر لے جا کر مطلوبہ رقم حاصل کرتا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ابھی تک محکمہ خوراک خیبر پختونخوا نے سارے صوبہ میں گندم کی جتنی بھی خریداری کی ہے، اس میں اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ گندم کے فروخت کنندہ کو بینک سے اس کی مطلوبہ رقم کی ادائیگی بروقت اور بلا تاخیر ہو۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں بھی اگر آپ دیکھیں یہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے متعلق ہے۔ میری سر گزارش یہ ہے کہ یہ جو ایشو ہے، پورے صوبے کا ہے، جب ہم ان کو ایک Amount sanction کر کے دیتے ہیں سر اور جو وہ اپنے لئے ایک ٹارگٹ Set کر لیتے ہیں جیسے کہ منسٹر صاحب نے کہا کہ تین لاکھ Last year ہم نے Achieve کر لیا تھا، اس سال انہوں نے چار لاکھ رکھا تھا لیکن وہ انہوں نے ابھی تک Achieve نہیں کیا۔ میری سر گزارش یہ ہے کہ یہ ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ سے میں

لایاہوں کہ کتنا آپ کا ایریاء ہے جس پہ آپ گندم اگاتے ہیں اور یہ سر جس ڈسٹرکٹ کا ہے، اس میں ڈی آئی خان کا جو رقبہ ہے، ڈی آئی خان کا 75 Maximum سے 80 ہزار میٹرک ٹن تک جتنا آپ کا Produce ہے لیکن یہاں پہ ان کے جو فگرز ہیں سر، وہ ایک لاکھ آٹھ ہزار ہیں، یہ 2011 کے جو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ابھی وہ بتا رہے ہیں کہ اس دفعہ کافی بچت ہوئی ہے، کروڑوں میں بچت ہوئی ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میں یہ نہیں کہہ رہا، اگر آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ایک اچھی چیز ہوگی، اسرار اللہ خان صاحب اس پہ Appreciate۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ یہ گندم جب آپ کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب آپ توجہ دیں، جواب دینا پڑیگا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میری گزارش یہ ہے کہ منسٹر صاحب جب آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں وہی کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے لکھا ہے کہ گورنمنٹ کو بہت بڑی بچت ہوئی ہے۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، وہ چیز نہیں ہے نا، سر آپ یہ دیکھیں کہ میں نے ان سے یہ پوچھا ہے کہ آپ کے ٹارگٹس کیا ہیں؟ سر، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ جو ہے، وہ آپ کا ایک Data رکھتا ہے کہ کون کونسی Crop کا Cropping pattern تھا، یہ تو نہیں ہو سکتا ناجی کہ آپ کا Produce اسی ہزار ہو اور آپ نے ایک لاکھ رکھا ہو تو ایک لاکھ چونکہ ڈی آئی خان کے ساتھ بھکر Adjacent ہے، یہ 20 ہزار وہاں سے لاتے ہیں، یہ جب وہاں سے لاتے ہیں تو سر وہاں پہ ریٹ اس کا 1800 ہے، آتے ہی جیسے ہی آدھے گھنٹے کے بعد آپ آئیں وہ 2400 کا بن جاتا ہے، میری سر گزارش یہ ہے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: اتنا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: یہ ان دیگر لوگوں میں آرہے ہیں نا؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، جیسے وہ ہے کہ زمیندار اور دیگر لوگ، تو دیگر لوگ تو یہی ہو جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: یہ آڑھتی، آڑھتی ہیں جو Third person ہوتے ہیں، یہی ہوتے ہیں جی منسٹر صاحب؟ جواب دیدیں، آدھا جواب تو میں نے آپ کیلئے دیا ہے لیکن انکی تسلی نہیں ہو رہی ہے۔

وزیر خوراک: سر، اس طرح ہے کہ اسرار خان کا یہ کوئسچن وہی کوئسچن ہے جو اس سے پہلے انہوں نے کیا ہے، بس اس میں کوئی اتنا بڑا فرق نہیں ہے، میں نے جس طرح کہا ہے جی کہ اب جس طرح پورے صوبے کی جو ضرورت ہے، اس میں دس لاکھ ٹن ہم گندم پیدا کرتے ہیں اور تیس لاکھ ٹن کا شارٹ فال

ہے۔ جو تیس لاکھ ٹن کا شارٹ فال ہے، اس کو پورا کرنے کیلئے شاید یہ سارے وسائل بھی ہمیں دیں تو وہ تو Through open trade آتی ہے اس صوبے میں، کہ جس طرح ٹماٹر پاکستان میں ہر کوئی خرید سکتا ہے، آپ کیلا ہر جگہ سے خرید سکتے ہیں، اسی طرح آپ گندم بھی خرید سکتے ہیں، یہی ہماری Plea رہی ہے۔ جب بھی پنجاب گورنمنٹ نے Ban کیا ہے تو یہی ہماری Plea رہی ہے تو کوئی بھکر سے لاتا ہے، کوئی ڈی آئی خان سے لاتا ہے، کوئی لاہور سے لاتا ہے، میرے گودام میں Unload کر کے مجھے 950 روپے میں دیتا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Same price پہ؟

وزیر خوراک: تو Same price پہ، مجھے اگر وہ پرائس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پرائس میں کوئی Difference نہیں ہوتا؟

وزیر خوراک: تو مجھے اگر وہ باہر سے لاکر Unload کر کے دیتا ہے تو باقی ان کا کونسچن جو ہے وہ وہی کونسچن ہے جو پچھلا تھا، میں نے جس طرح کہا کہ اگر وہ کمیٹی میں اس چیز کو Thrash out کرنا چاہتے ہیں Why not، وہ کریں اس چیز کو۔

جناب سپیکر: یہ بھی اسی میں ہے، اگر کوئی وہ ہو، وہ تو کہہ رہے ہیں کہ Same price میں۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں سر۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ State sponsored smuggling تو نہیں ہو سکتی نا، سر آپ کو پراونشل گورنمنٹ ایک رقم دیتی ہے، یہ پیسے آپ کے تو نہیں ہیں، آپ کو جو پراونشل گورنمنٹ دیتی ہے، دو بلین روپے دیتی ہے، ٹھیک ہے وہ اس وجہ سے دیتی ہے کہ جو MANFAL کے آپ کے ریٹس ہیں، آپ کو Controlled rate پہ فلور ملوں کو دینا ہوگا۔ اگر اس رقم کو آپ Subsidy جو یہاں سے آپ دو بلین دیتے ہیں اور آپ ساڑھے نو ارب پہ جو اس کا 'مارک اپ' آتا ہے، اگر 14 percent سے 18 percent تک لے لیں تو سر Two billion تو آپ کے اس ہیڈ میں جا رہے ہیں، پھر آپ جو Saving کہہ رہے ہیں، Saving تو سر یہ ہوتی ہے کہ Re-imbursement ہو جائے فنانس کو کہ یہ پیسے ہم سے بچ گئے ہیں۔ اگر یہ ہم Presume کریں کہ اگر میں وہاں سے لیتا تو یہ دو بلین مجھے مہنگی پڑتی، سر یہ چیز نہیں ہے، میری یہ گزارش ہے کہ منسٹر صاحب کی نیت اچھی ہو گی، انہوں نے گورنمنٹ کے مفاد میں سوچا ہو گا لیکن یہ ایشو اس طریقے سے نہیں چل رہا، بہتر یہی ہو گا کہ سر اگر اس کو بھی کمیٹی کو ریفر کر لیں کیونکہ یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب! آخر پھر اس ہاؤس کا کیا اختیار رہ گیا۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، کیوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جب آپ کی ہر چیز ہم کمیٹی کو ریفر کریں؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں سر، آپ اس کی کیوں مخالفت کرتے ہیں؟ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں، اگر منسٹر Agree ہے، آپ کیوں کہتے ہیں کہ یہ نہ جائے؟

وزیر خوراک: جناب سپیکر، اسرار خان نے جو ایشو پہلے اٹھایا، یہ Same وہی بات ہے۔ یعنی اس کو کسچین کو کمیٹی کو ریفر کرنے کی Same وہی بات ہے اور دوسری بات جو انہوں نے کی کہ یہ سمگلنگ، تو ہمیشہ ہمارا پنجاب گورنمنٹ کے ساتھ یہ پرابلم رہا ہے اور سمگلنگ کہتے ہیں کہ جب کوئی چیز انٹرنیشنل بارڈر کراس کر جائے۔ اگر پنجاب سے گندم یہاں آتی ہے یا یہاں سے کوئی فصل پنجاب کو جاتی ہے، جب بھی انہوں نے Ban لگایا ہم اسی ایشو پہ ہائی کورٹ گئے کہ یہ صوبوں کے درمیان جو ٹرانسفر ہے، یہ چیز سمگلنگ کے زمرے میں نہیں آتی اور اگر یہ چیز ایک دفعہ Establish ہو جائے تو پھر تو اس کے بعد آپ کا تیس لاکھ کا شارٹ فال ہے، پھر اس کے بعد تو سارا زمانہ آپ گندم کی قیمت بڑھاتا رہے یہ صوبہ اور اسی میں چلتا رہے، تو یہ کوسچین Same وہی بات ہے جو انہوں نے پہلے کی ہے، ایک بار جب یہ میں نے کہدیا کہ وہ اس کو کمیٹی میں حل کریں تو پھر اس کی کوئی ضرورت نہیں رہ جاتی، یہ وہی کوسچین ہے جو اس سے پہلے ہوا ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میری گزارش یہ ہے کہ یہ کوسچنز ایک جیسے نہیں ہیں، جب اسمبلی نے ایک کو 39 نمبر دیا ہے، ایک کو 40 دیا ہے، ایک کو 5 نمبر دیا ہے، سر یہ کیا بات ہوئی کہ یہ Same Question ہے؟ میں کہہ رہا ہوں، ایک میں میں نے صرف 'مارک اپ' کا پوچھا ہے، یہ پوچھا ہے کہ زمینداروں کو کیا فائدہ ہوا ہے؟ جو آپ نے مطلب ہے گزشتہ جس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی تین سالوں سے لوکل مارکیٹ سے آپ 'پرچیز' کر رہے ہیں، میں تو سر صرف یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ پالیسی جو ہے، Policy in good faith ہو گی لیکن اس کی Implementation میں مشکلات پیش آ رہی ہیں، اگر وہ پیش آ رہی ہیں تو مہربانی کر کے اس کو بھی ریفر کر دیں۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔

وزیر خوراک: سر، جس طرح میں نے آپ کو پہلے کہا کہ جب یہ کام شروع کیا گیا، یہ اس صوبے میں بالکل نیا کام تھا، آٹھ ہزار سے ہم نے شروع کیا، آج اسے چار لاکھ پہ لے گئے۔

جناب سپیکر: چار لاکھ تک پہنچ گئی؟

وزیر خوراک: اور یہ جو بچت ہے-----

جناب سپیکر: چار لاکھ 'پرچیز' ہوئی ہے، گورنمنٹ نے کی ہے؟

وزیر خوراک: اور جو آپ لوکل خریداری کرتے ہیں، میں نے جسطرح کہا ناجی کہ انہوں نے کہا کہ بھکر سے آتی ہے یا لاہور سے آتی ہے، مجھے میرے گودام میں Unload کر کے 950 میں دیتا ہے آدمی، تو میں پنجاب گورنمنٹ کو، پیسکو کو کیوں Incidental charges بھروں، میں اس کو کیوں کرائے کے پیسے بھروں؟ تو یہ جو کوئسچن ہے، اس کوئسچن میں جو کچھ پوچھا ہے، یہی باتیں انہوں نے اس پہلے پوچھی ہیں اور میں نے ان کو کہدیا ہے، General policy اس بات کیلئے تھی کہ زمیندار سے گندم خریدی جائے اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا خرچہ کم سے کم کیا جائے، یہ پالیسی اس لئے تھی، اگر اس میں کسی جگہ آپ سمجھتے ہیں کہ تھوڑی بہت مشکلات ہیں یا راہداری میں کوئی آپ-----

جناب سپیکر: ان کا خالی-----

وزیر خوراک: یا اس بارے میں کوئی آپ ہمیں نیا مشورہ کمیٹی میں دینا چاہتے ہیں تو وہ کوئسچن میں نے ریفر کروا دیا ہے کمیٹی کو، لیکن اس طرح کی Same وہی بات دوبارہ پوچھی گئی ہے سر، اس میں۔

جناب سپیکر: بس ایک 'پروسیجر' ہے، 'پروسیجر' بنالیں کمیٹی میں، ویسے بھی ایک کوئسچن گیا ہے نا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب، یہ علیحدہ کوئسچن ہے اور میں چاہتا ہوں کہ کل آپ اس کو لے آئیں، میں یہ Prove کرتا ہوں کہ State sponsored smuggling ہو رہی ہے، یہ سر کیا بات ہوئی کہ میں مارکیٹ سے لونگا پھر یہ Procurement کے رولز کہاں گئے؟ پھر کل کو سی اینڈ ڈبلیو بیٹھ جائے، وہ کہے کہ میں مارکیٹ سے اپنے-----

جناب سپیکر: بس آپ Written notice دے دیں مجھے، Written notice دیدیں جی۔ محترمہ نور سحر بی بی، سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: سر یو پاتے شو، سر۔

جناب سپیکر: محترمہ مہر سلطانہ بی بی، محترمہ مہر----

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: جی تا سو، نہ دوسری بات ہے یا اس کوئسچنز آور سے ہے؟

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: جی میرا ضمنی سوال ہے۔
جناب سپیکر: وہ تو نوٹس آ گیا ہے، اس پر پھر ڈیٹیل بات ہو گی نا، نوٹس ان کا آ گیا ہے، اب اس پر مزید اسی دن بحث ہو گی جب وہ Put ہو گا۔ جی مہر سلطانہ بی بی۔
محترمہ مہر سلطانہ: شکریہ سر، کوئسچن نمبر 54۔
جناب سپیکر: جی۔
* 54 _ محترمہ مہر سلطانہ: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرک کے گاؤں لتمبر میں صرف ایک گرلز سکول ہے؛
(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں طالبات کی تعداد زیادہ ہونے کے باوجود اساتذہ کی تعداد کم ہے؛
(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ گاؤں میں زنانہ تعلیم سو فیصد ہے؛
(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ گاؤں میں نیا گرلز ہائی یا مڈل سکول بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ مذکورہ گرلز ہائی سکول پر طالبات کا بوجھ کم ہو سکے؟
جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔
(ب) مذکورہ سکول میں طالبات کی تعداد 739 ہے اور اساتذہ کی تعداد 16 ہے۔ امید ہے کہ پبلک سروس کمیشن سے نئے ایس ای ٹی اساتذہ کی آسامیاں پر ہونے کے بعد صورتحال میں بہتری کی توقع ہے۔
(ج) جی نہیں، مذکورہ گاؤں میں زنانہ تعلیم سو فیصد نہیں ہے۔ البتہ مذکورہ گاؤں کی زنانہ شرح خواندگی دوسرے گاؤں کے مقابلے میں نسبتاً بہتر ہے۔ اس وقت ضلع کرک میں زنانہ تعلیم کی شرح تقریباً 33 فیصد ہے۔
(د) مروجہ Planning Criteria کی روشنی میں حکومت مذکورہ گاؤں میں نیا گرلز ہائی یا مڈل سکول بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر مذکورہ سکول کے ساتھ ملحقہ زمین مفت دلوانے کا بندوبست ہو سکے تو نئے کمروں کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔
Mr. Speaker: Any supplementary?
محترمہ مہر سلطانہ: جی سر۔ سر، یہ اس کے کوئسچن میں جز (ب) میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ سکول میں طالبات کی تعداد 739 ہے اور اساتذہ 16 ہیں، امید ہے کہ پبلک سروس کمیشن سے نئے ایس ای ٹی اساتذہ کی آسامیاں پر ہونے کے بعد صورتحال میں بہتری کی توقع ہے۔ سر ایک تو میرا کوئسچن یہ ہے کہ یہ

تقرریاں کب تک ہونگی؟ کیونکہ یہ کوئسچن میں نے پچھلے سیشن میں کیا تھااور ابھی تک اس پہ کام نہیں ہوا تو سر وہاں کی بچیاں Suffer ہورہی ہیں، Already آپ کو تعداد انہوں نے بتادی ہے اور سر یہ جز (د) میں میرا کوئسچن یہ ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ اگر مذکورہ گاؤں میں سکول کا ارادہ رکھتے ہیں بنانے کا لیکن کہا گیا ہے کہ اگر مذکورہ سکول کے ساتھ ملحقہ زمین مفت دلوانے کا بندوبست ہوسکے تو نئے کمروں کا اضافہ کیا جاسکتا ہے اور اگر سر پھر مفت زمین کا بندوبست نہ ہوسکے تو کیا ڈیپارٹمنٹ وہاں پر سکول نہیں بنائے گا؟ اور سر lAready آپ کو بتادیا گیا ہے کہ وہاں پہ تعداد بچیوں کی زیادہ ہے اور سکول کی کمی ہے، ایک ہی گرلز سکول ہے سر۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for------

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، میرا ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: جی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، منسٹر صاحب سکولوں میں اضافے کی کوشش کررہے ہیں لیکن یہ ہے کہ پرائمری سکول کیلئے بھی چالیس بچوں پر ایک ٹیچر دیا جاتا ہے اور یہاں ہائی سکول میں اس کے لحاظ سے 640 بچوں کیلئے ایک ٹیچر ہے اور یہ 740 بن گئے ہیں ایک سو طلباء زائد ہیں تو یہ کیسے ان کو Manage کرسکتے ہیں، یہ ٹیچر کیسے انہیں پڑھا سکتے ہیں؟ ایک اور دوسرا یہ ہے کہ انہوں نے ایک پالیسی بنائی ہے، رجسٹریشن کی کہ چالیس بچوں پر ایک استاد، اگر چالیس پر پرائمری میں ایک استاد ہے، اگر ساٹھ ہونگے تو کیا کریں گے؟ وہ ایک ہی استاد پڑھائے گا، جب تک اسی (80) نہیں ہونگے، یہ دوسرا استاد نہیں دیں گے؟ اس کی بھی ذرا وضاحت کردیں۔ یہ ابھی تک سکولوں میں یہی چل رہا ہے کہ جس سکول میں چالیس پر ایک ٹیچر ملتا ہے پرائمری سکولوں میں اور اگر وہ ساٹھ ہوتے ہیں، وہ بیچارہ کیسے ساٹھ کو پڑھا سکے گا، ستر کو کیسے پڑھا سکے گا؟ اس کی بھی ذرا یہ وضاحت کردیں جی۔

جناب سپیکر: جی ملک قاسم خان صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا، دا زمونږ حلقے سره تعلق ساتی، 'لتمبر' دا یو مشهور کلے دے۔ Already feasibility د دے ډگری کالج پانچ چھ سال نه دا چلیږی چه دلته د ډگری کالج اوکړی او 740 طلباء دی هغلته کبنے، دومره گنجان دی او د دے سره بل کلے دے سور ډاگ ورته وائی چه هغے کبنے د سکول سخت ضرورت دے، تین سو وړوکی غریب دغسے د داخلے نه دے کال

پاتی دی نو زه د منسټر صاحب ته دا ریکویسټ کوم لکه څرنګ چه مهر سلطانه بی بی ریکویسټ اوکړو چه آیا دوئ بل ورکول غواړی چه په هغے کښے دلته یو سکول اوکړی۔ زه Specially ریکویسټ کوم چه دا خلق جینکئ د تعلیم نه پاتے کیږی او 33 فیصد شرح چه دوئ لیکلے ده د لټمبر، دا 55 نه Above دی۔ مونږ ته پته ده جی چه هلته کښے بی بی کوئسچن دے چه آیا Are you from Latamber? چه دالټمبر په Female education کښے په ټاپ دے ډسټرکټ کرک کښے نه، زه دا وئیلے شم چه په جنوبی اضلاع کښے ټاپ دے نو دے سره ډیر لوئے زیاتے دے، د هغه ځائے جینکو سره چه هغلته کښے د هغوی دغه نشته، ځائے نشته چه هغوی ته داخلے ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: جی سردار نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر۔ میرا منسٹر صاحب سے ضمنی کوئسچن یہ ہے جی کہ میرے حلقے میں سائنس ٹیچر کی ہائی سکولوں میں غالباً نوے فیصد پوسٹیں خالی ہیں، پرنسپلز کی پوسٹیں ہیں، جس سے طلباء اور طالبات کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے تو میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہونگا کہ کب تک وہ سائنس ٹیچر کی پوسٹیں پر کریں گے؟

جناب سپیکر: جی جی، آنریبل منسٹر، سردار بابک صاحب۔ سردار حسین بابک صاحب، منسٹر فار ایجوکیشن پلیز۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): مهربانی سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا کوم سوال چه مهر سلطانه بی بی راپورته کړے دے، مونږ خو کوشش کړے دے چه مونږ د هغے جواب هم ورکړے دے، بیا ملک قاسم صاحب هم ذکر اوکړو چه د هغے حلقے سره د دے تعلق دے او دا خو د خوشحالئ خبره ده چه سکول کښے دومره غټ تعداد دے او سوله هغے کښے ټیچرز دی او ما مخکښے په روان سیشن کښے وئیلی وو چه ایس ای ټیر چه کوم دی، انشاء الله په دے میاشت کښے مونږ ته پبلک سروس کمیشن خپل Recommendees رااولیږی نو هغے سره به هم په دے مسئله کښے په ټوله صوبه کښے اسانتیا راشی او بیا مونږ چه د زمکے دا خبره کړے ده نو زمونږ د حکومت پالیسی هم دا ده چه سکولونه چه مونږ جوړوؤ دا ستاسو په علم کښے هم ده چه زمکه مونږ ته

Donate شی نو په هغے باندے مونږ سکول جوړوؤ خو بیا هم دا چه کومه مسئله ده، حقیقت دا دے چه زمونږ کوشش بیا هم دا وی چه مونږ اضافی کمرے ورکوؤ۔ زه به انشاء الله کوشش کوم که مونږ اضافی کمرے ورکولے شوے یا د هغلته ممبران صاحبان هم دا کوآپریشن مونږ سره کولے شی که زمکه ملاؤ شی نو بیا هم مونږ دغسے کولے شو انشاء الله، ګنی د هغے باوجود هم مونږه دا کیس چه دے، دا به مونږه Process کړو چه دا مسئله په Priority باندے به مونږه حل کړو انشاء الله که خیر وی۔

<u>جناب سپیکر</u>: د هغے څه Cut date درکړو، دے پبلک سروس کمیشن چه کله به دے ټیچرز راکوی؟

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: جی 22 تاریخ ئے مونږ له راکړے وو، ما خو دلته ذکر هم کړے وو۔

<u>جناب سپیکر</u>: 22 تاریخ؟

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: جی 22 تاریخ ئے مونږ له راکړے وو، امید دے چه انشاء الله په هغے باندے به۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا 22 کنه، د دے میاشت؟

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: دا راروان 22 چه کوم دے، او جی بالکل۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا ښه خبره ده جی، یو لوئے Headache به خلاص شی، دا ښه Encouraging خبره ده۔ تھینک یو جی۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: مهربانی جی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب سپیکر! وہ میری بات تو۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں، ٹیچرز نہیں ہیں تو ٹیچرز جب نہ ہوں تو کیسے کرینگے؟

(شور)

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب، ٹیچر۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> ہں جی؟

(شور، قطع کلامیاں)

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> 'ڈیفر' ہو جائے گا، نہیں ہو گا تو تب دوسرا ٹیچر ہو گا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> بابک صاحب یہ کہتے ہیں، ٹیچرز سٹوڈنٹس۔۔۔۔۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> پرائمری کیلئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> پرائمری کیلئے؟

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> پرائمری میں سرگورنمنٹ نے یہ پالیسی بنائی ہے کہ چالیس بچے ہونگے تو ایک ٹیچر، پہلے جو Sanctioned پوسٹیں تھیں، وہ ختم کر دیں کہ ایک سکول کیلئے چار سیٹیں ہیں یا دو سیٹیں ہیں یا تین ہیں، ختم۔ اب یہ ہے کہ جہاں چالیس بچے ہونگے تو ایک ٹیچر ہو گا اور اسی (80) ہونگے تو دوسرا ٹیچر ہو گا۔ تو میں یہ پوچھتا ہوں کہ ساٹھ اور ستر کیلئے انہوں نے کیا Criteria بنایا ہے؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی نگہت بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب! میں نے تو پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہی تھی لیکن اب چونکہ ایجوکیشن کا مسئلہ ہی چل رہا ہے، جناب سپیکر صاحب، یہاں پر ہمارے منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ کافی زیادہ کالجوں میں بعض کالج ایسے ہیں جہاں پر سٹاف بہت زیادہ ہے لیکن بعض کالجز اور سکولز ایسے ہیں کہ جہاں پر سٹاف بالکل نہیں ہے تو کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ منسٹر صاحب یہ ایک مہربانی کریں کہ جہاں پر زیادہ سٹاف ہے اور سٹوڈنٹس کم ہیں تو وہاں کے کالجوں سے اس سٹاف کو شفٹ کر کے ان کالجوں میں لے جائیں جہاں پہ سٹاف کم ہے اور بچے جو ہیں وہ زیادہ ہیں؟ کیونکہ اس طریقے سے تعلیمی لحاظ سے اس کو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ بہت ضروری سوال ہے لیکن قاضی صاحب کدھر ہیں؟ اس کا جواب وہ دینگے، ابھی قاضی اسد لیکن پہلے سردار صاحب! یہ لودھی صاحب کو ایک منٹ۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر، اس کو میں پھر کسی کال اٹنشن پر لے آتی ہوں یا اس کو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں بہتر ہو گا۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> بالکل ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: کسی اور موشن پر آ جائیں تو یہ بہتر ہے۔ جی سردار حسین بابک صاحب، دا څه وائی، ساتھ ستر والا ممکن ده؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جناب سپیکر صاحب! ہماری کوشش ہے کہ جن جن سکولوں میں سٹاف کی کمی ہوتی ہے، وہاں پہ ہم انہی ڈسٹرکٹس میں Rationalization policy کو Apply کرتے ہیں لیکن سپیکر صاحب، میرے خیال میں ہمیں یہ بات مدنظر رکھنی چاہیئے کہ ہمارے صوبے میں اور سارے ملک میں آبادی میں اضافے کا جو تناسب ہے، وہ میں کہہ سکتا ہوں کہ انتہائی افسوسناک حد تک زیادہ ہے اور آج تک کوئی ایک حکومت بھی اس قابل نہیں بنی کہ وہ آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے سکولز Provide کرے یا ہاسپٹلز Provide کرے یا انفراسٹرکچر Provide کرے، اس کے باوجود ہماری کوشش ہے کہ جس طرح بھی ممکن ہو سکے ہم انشاء اللہ Rationalization policy کو Adopt کرتے ہوئے وہ Apply کرتے ہیں اور جو Needs ہوتی ہیں جو مسائل ہوتے ہیں، ان کو ہم Combat کرتے ہیں، ان کا حل نکالتے ہیں۔

جناب سپیکر: نور سحر بی بی، سوال نمبر؟

* 55 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بونیر میں گورنمنٹ مڈل سکول انغاپور قائم ہے جس میں طلباء زیر تعلیم ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں گریڈ 15 کا ٹیچر گریڈ 16 کی آسامی پر عرصہ چھ سالوں سے بحیثیت انچارج کام کر رہا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک مذکورہ سکولوں میں ہیڈ ماسٹر کی آسامی پر مقررہ گریڈ کے آفیسر / ٹیچر کو تعینات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ سرتاج خان سی ٹی گریڈ 15 گورنمنٹ مڈل سکول انغاپور میں مورخہ 15-08-2008 سے بطور انچارج اپنے فرائض انجام دے رہا ہے۔

(ج) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ فی الوقت 2853 ایس ای ٹی اساتذہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی کئے جارہے ہیں جن سے مذکورہ سکولوں میں ہیڈ ماسٹر کی آسامی پر مقررہ گریڈ کے آفیسرز / ٹیچرز تعینات کئے جائیں گے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: یس سر۔ میرا کوئسچن یہ ہے، بابک صاحب تو خیر بیمار ہیں، میں کہتی ہوں کہ ان کو زیادہ تنگ نہیں کرنا چاہیئے لیکن تھوڑا بہت میں صرف یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے خود تسلیم کیا ہے کہ تین سال سے ہمارے پاس انچارج موجود ہے اور ہیڈ ماسٹر کی جگہ انچارج موجود ہے اور پبلک سروس کمیشن نے ابھی تک ہمیں اس کا متبادل نہیں دیا ہے، تو تین سال ہو گئے ہیں اور تین سالوں سے یہ جواب آرہا ہے کہ ہم پبلک سروس کمیشن سے، کیا انہوں نے اس کو Reminder بھیجا ہے یا اس کیلئے کوئی انتظام کیا ہے یا یہ اسی طرح ہی چلتا رہے گا؟ جس سکول میں ہیڈ ماسٹر موجود نہ ہو تو ان بچوں کا کیا ہوگا، وہ انچارج اپنا کام کریگا یا ان کو سنبھالے گا؟ تو یہ تو غلط بات ہے، اس کو آپ کمیٹی کو ریفر کریں تا کہ اس کا پتہ چل جائے کہ انہوں نے پبلک سروس کمیشن کو کوئی Reminder بھیجا ہے کہ نہیں بھیجا ہے؟

جناب سپیکر: جی میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل کاکاخیل: شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ محترمہ نور سحر صاحبہ نے جو سوال اٹھایا ہے سر، اس میں منسٹر صاحب سے میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس میں ذکر کیا گیا ہے سی ٹی ٹیچر کا، مطلب یہ ہے کہ ایس ای ٹی نہیں ہے، ہم نے سی ٹی ٹیچر کو ہیڈ ماسٹر بنایا ہوا ہے لیکن سر بدقسمتی یہ ہے، ضلع کرک کی میں بات کر رہا ہوں، کہ تین مہینے ہو گئے ہیں اور میں جس حلقے سے Belong کرتا ہوں سر، وہ پہاڑی علاقہ ہے، اس میں پی ٹی سی، سی ٹی اور بہت سے سکولز ابھی تک خالی پڑے ہیں، میرا تو یہ خیال تھا کہ چھٹیوں کے بعد سکولز کھلنے سے پہلے یہ ساری اپوائنٹمنٹس ہو جائیں گی، منسٹر صاحب سے میرا یہ سوال ہے کہ جن ضلعوں کے کیسز فائنل ہو گئے ہوں اور میرٹ لسٹ بنی ہو تو ای ڈی اوز کو انسٹرکشنز دیدیں کہ وہ ان کی اپوائنٹمنٹ کم از کم ایشو کر دیں تا کہ طلباء کا قیمتی سال ضائع نہ ہو۔

جناب سپیکر: جی سردار حسین بابک صاحب، یہ تو تھوڑا نیا کوئسچن ہے لیکن پھر بھی اگر کوئی خاطر خواہ جواب مل سکے جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: صحیح دہ جی۔ سپیکر صاحب! دا نور سحر بی بی سوال کړے دے او مونږ خو جواب هم ورکړے دے او زما یقین دا دے چه ما خو

Repeatedly د لته دا خبره او کړه چه چونکه د ایس ای ټی والا چه کومه خبره ده، انشاء الله هغه به حل شي۔ باقي چه ډسټرکټ کیډر چه کوم دی، د هغوی د پاره خو تقریباً ټولو ضلعو زمونږ په حکومت کښے دوه دوه پیرے، درے درے پیرے اپوائنټمنټس هم هلته شوی دی، میاں صاحب چه د کرک خبره کوی نو انشاء الله مونږ به ای ډی او ته ډائریکشن ورکړو، هغه به زر تر زره دا ډسټرکټ کیډر چه دی، دا به اپوائنټ کړی او نور سحر بی بی چه کومه خبره کړے ده، دا سکول زمونږه دا یو چه دے، دا تیار دے نو انشاء الله بیا هم که په هغے کښے د اضافی کمرو ضرورت وی یا نور پکښے داسے څه خبره وی نو هغه به انشاء الله مونږ برابر کړو۔

محترمہ نور سحر: زه دا وایمه چه دیکښے درے کاله اوشو او انچارج لګیا دے د هیډ ماسټر په پوسټ باندے کار کوی۔ آیا دا درسته ده چه درے کاله کښے یو هیډ ماسټر دوئ پیدا نکړو؟ دا څنګه پبلک سروس کمیشن دے چه درے کاله کښے، دا کمیټئ ته ریفر کړه سر، چه مونږه تپوس اوکړو پبلک سروس کمیشن نه چه آیا دوئ ورته څومره Reminders لیږلی دی؟

جناب سپیکر: دا بی بی! داسے ده کنه چه 22 تاریخ ئے Cut date ورته ورکړو، 22 تاریخه پورے صبر اوکړئ، که پبلک سروس کمیشن ټیچرز رااونه لیږل، هغے نه پس بیا کمیټئ کښے، هم دے هاؤس کښے بله ورځ خو 22 دے کنه، دوه ورځے دی، دوه ورځے صبر اوکړئ جی، او هره خبره کمیټئ ته لیږل هم زما په خیال څه ښه خبره نه ده، Overload کیږی۔ بل، Again نور سحر بی بی، سوال نمبر، بل سوال څه دے؟

Ms. Noor Sahar: Fifty six.
Mr. Speaker: Fifty six.

* 56 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ انغاپور ضلع بونیر میں ایک سال پہلے ہائی سکول کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے لیکن تاحال اس کو چالو نہیں کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ طلباء مڈل پاس کرنے کے بعد دیگر سکولوں میں مجبوراً داخلہ لیتے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک انغاپور کے مجبور طلباء پر رحم کرکے مذکورہ سکول چالو کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ انغاپور ضلع بونیر میں ہائی سکول کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے اور پوسٹیں 01-04-2011 سے منظور ہوچکی ہیں تاہم نئے اساتذہ کی تعیناتی ابھی نہیں ہوئی ہے۔

(ب) جی نہیں، اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ طالبانائزیشن کے دوران تباہ شدہ گورنمنٹ ہائی سکول تور ورسک کی ہائی سیکشن کا عملہ عارضی طور پر گورنمنٹ ہائی سکول انغاپور میں منتقل ہوا تھا اور تور ورسک اور انغاپور کی ہائی سیکشن کے طلباء کی پڑھائی جاری ہے اور طلباء دوسرے سکولوں میں داخلہ لینے پر مجبور نہیں ہیں۔

(ج) نئے تعمیر شدہ گورنمنٹ ہائی سکول انغاپور کی پوسٹیں مورخہ 01-04-2011 سے منظور ہوچکی ہیں اور انشاء اللہ عنقریب نئی منظور شدہ آسامیوں پر اساتذہ کی تعیناتی کی جائے گی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: یس سر۔ سر، دلته اوګورئ دلته بیا هغه مسئله ده چه په 01-04 باندے دوئ وائی چه منظوری شوے ده د پوسټونو مورخه 01-04-2011 باندے، شپږ میاشتے بیا اوشوے، د منظورئ نه بعد هم شپږ میاشتے کیږی۔ یو خوا خلق بے روزګاره دی، چغے اوباسی او بل خوا 'ویکنټ' سیټونه پراته دی، د 01-04 نه بعد د دوئ پوسټونه ولے ضائع شو، په شپږو میاشتو کښے دوئ پوسټونه ولے Fill نکړل؟

جناب سپیکر: بس جی دیکښے هم هغه خبره ده چه 22 تاریخ بله ورځ دے، د دے نه پس، هم دغه 22 باندے به ورته۔۔۔۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: دا ډسټرکټ کیډر دی چه په دیکښے ایټا ټیسټ شوے دے، په دیکښے ظاهره خبره ده چه په یو ضلع کښے مثال پنځلس نوکرئ راوتے وی نو پنځلس سوؤ خلقو درخواستونه ورکړی وی۔ بیا هغه لسټونه تیارول او میرټ لسټونه تیارول نو هغه ټول هغے باندے خامخا دومره وخت لګی۔ بهرحال انشاء الله د بونیر ای ډی او ته به زه ډائریکشن ورکړمه چه د هغه ډسټرکټ کیډر

چه کوم دی، هغه هم زر تر زره Finalize کړی او دا چه کوم پوستونه خالی دی چه دا ډک کړی۔

جناب سپیکر: دا دے نوے پوسټنګ پالیسئ لاندے چه کوم راغلل؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نه جی دا خوځنے د پالیسئ د لاندے دا ډسٹرکټ کیډر زمونږ چه کوم دی، د هغوی ټیسټ مونږ واغستو، دا هغه پوستونه دی۔

جناب سپیکر: بس ښه جی، دا انسٹرکشنز پکښے ښه دی جی چه دا ورکړئ۔ جی نور سحر بی بی، بل سوال؟

Ms. Noor Sahar: Question No. 57.
Mr. Speaker: Fifty seven.

* 57 _ محترمہ نور سحر: کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بونیر کے پرائمری سکولوں چڑائی، جووڑ اور کاٹگلہ میں صرف دو دو کمرے ہیں، طلباء کی تعداد زیادہ ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے طلباء کی سہولت کیلئے وقتی طور کیا انتظامات کئے ہیں، نیز مذکورہ سکولوں میں طلباء کی سہولت کیلئے حکومت کب تک اضافی کمرے تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر ابتدائی برائے وثانوی تعلیم): (الف) جی نہیں، اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ گورنمنٹ پرائمری سکول چڑائی میں چار عدد کمرے ہیں۔ گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 2 جووڑ میں پانچ کمرے ہیں جبکہ گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 1 جووڑ میں اب صرف ایک کمرہ ہے، باقی بلڈنگ منہدم ہو گئی ہے جو کہ زیر تعمیر ہے اور بچوں کی پڑھائی کیلئے ٹینٹس کا انتظام کیا گیا ہے اور گورنمنٹ پرائمری سکول کاٹگلہ میں چھ کمرے ہیں۔

(ب) حکومت نے طلباء کی سہولت کیلئے وقتی طور پر ٹینٹوں کا انتظام کیا ہے۔ مالی وسائل کی دستیابی پر حکومت طلباء کی سہولت کیلئے اضافی کمرے تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

Ms. Noor Sahar: I am satisfied

جناب سپیکر: یو شپږ نور ئے هم دی بشیر بلور صاحب! ورپسے هم شپږ دی۔ دا زمونږه نور ورونړه-----

جناب رحیم داد خان {سینئیر وزیر (منصوبہ بندی)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔ رحیم داد خان صاحب کچھ فرماتے ہیں۔ جی!

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی): یہ نور سحر نہیں، نور شام ہے۔

محترمہ نور سحر: دا څه وائی ؟

جناب سپیکر: وائی چه دا نور شام دے ، نور سحر نه دے جی۔ (قہقہہ)

محترمہ نور سحر: سر پکار د ه چه تاسو Appreciate کړئ چه ټول هاؤس کښے صرف زه کوئسچنے کومه نور خو څوک کوی هم نه ، چه ښه کار خو Appreciate کړئ ، لجسلیشن خو ، دلته مونږ راغلی یو دے د پاره۔

جناب سپیکر: بل سوال څه دے جی ؟

محترمہ نور سحر: د 57 خو ما Satisfied اووئیل سر۔

جناب سپیکر: سپلیمنټری پکښے شته ؟

محترمہ نور سحر: نه جی ، Satisfied۔

جناب سپیکر: 58 ، دیکښے څه دی ؟

* 58 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بورڈز کے سالانہ امتحانات کیلئے شہری اور دیہی علاقوں کے سکولوں کے اساتذہ کی ڈیوٹیاں لگائی جاتی ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بعض اساتذہ کے خلاف امتحانات میں شکایات کی بناء پر کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ تین سالوں کے دوران صوبے کے تمام بورڈز کے امتحانات میں تاحال کتنے اساتذہ کے خلاف تادیبی کاروائی کی گئی ہے، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ سالانہ امتحانات کیلئے شہری اور دیہی علاقوں کے سکولوں کے اساتذہ کی ڈیوٹیاں لگائی جاتی ہیں۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ بعض اساتذہ کے خلاف امتحانات میں شکایات کی بناء پر کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

(ج) گزشتہ تین سالوں کے دوران صوبہ بھر کے تمام بورڈز کے امتحانات میں اساتذہ کے خلاف کی گئی تادیبی کارروائی کی تفصیل ایوان میں پیش کی گئی۔

محترمہ نور سحر: سر دیکښې دوئ وائی چه مونږه د بورډونو دا ما چه اووئیل چه خلاف ورزی ئے کړې ده، تاسو څه کړی دی؟ نو دوئ وائ چه مونږ Disqualify کړی دی۔آیا د دوئ د Misconduct د پاره دوئ سره څه رولز نشته، Misconduct rules دوئ سره نشته؟ که چرې دوئ سره نه وی نو ما دا رولز راوړی دی، آیا د دې په مطابق باندې دوئ صرف Disqualify کول کولے شی؟ دا سړے چه پاتې شو، یو کال دوه پس چه دے Disqualify شو، دے به بل ځائے کښې ډیوټی کوی، دے به بل ځائے کوی؟ یو بےایمانه سړے چه ته بل ځائے اولګوې نو د هغه به بیا ایمان صحیح شوے وی دوه کالو کښې؟ هغه به بیا هم هغه غلطی کوی۔ د دې په ځائے تاسو هغه باندے د Misconduct action ولے نه دے اغستے؟ دا رولز ما سره شته، د دې مطابق تاسو ته پکار ده چه دا تاسو ایکشن اغستے وے، دا زه سپیکر صاحب! درلیږمه۔

جناب سپیکر: جی حبیب الرحمان تنولی صاحب۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: سر، اس میں ضمنی کوسچن یہ ہے کہ سات بورڈز کے امتحانات میں نگران اساتذہ نے بدعنوانیاں کی ہیں، انہوں نے جواب میں لکھا ہے جس کی بناء پر محکمہ نے ان کو تین سال، پانچ سال اور Forever کیلئے Disqualify کیا ہے مگر ان کی غلط حرکات کا ذکر نہیں ہے جی کہ انہوں نے کیا جرم کیا ہے؟ ہونا یہ چاہیئے تھا کہ یہ جو پوری کھلی منڈیاں لگتی ہیں، ابھی آپ نے کئی دفعہ چینلز پر دیکھا ہوگا ٹیلی فون پر، اور یہ Blackmailing ہوتی ہے تو میری گزارش یہ ہے کہ کیا وزیر صاحب ان کی حرکات کو سامنے لانے کیلئے اس کوسچن کو کمیٹی میں ریفر کرنے کے حامی ہونگے؟

جناب سپیکر: آنریبل سردار حسین بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب! کمیٹی میں کسی بھی کوسچن کو ریفر کرنے کیلئے میرے خیال میں تو آپ ہی بہتر سمجھتے ہیں کہ تب ضرورت ہوتی ہے جب یہاں پر کوئی جواب نہ دے سکے اور یا Satisfy نہ کر سکے۔ جو کوسچن یہاں پر Raise ہو گیا ہے، وہ اسی حوالے سے ہے، کہنے کا مطلب ہے اگر کوئی ٹیچر امتحانی ڈیوٹی میں غفلت کا مرتکب ہوتا ہے تو اس کی سزا کیا ہے؟ یہاں پر بی بی فرما رہی ہیں کہ مطلب

Forever کر سکتے ہیں Disqualify وہ لائی ہیں۔ ہم ان کو صرف Conduct of Rules examination duty دینے سے، اور میں نہیں سمجھتا کہ اس کے علاوہ بھی اس طرح کی کوئی سزا ہم Propose کر لیں یا ان کو دے سکیں۔ بہر حال جو ہم سمجھتے ہیں کہ جو غفلت ہے، جو کوتاہی ہے، ان کی مختلف ہم سزائیں دیتے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہم اسی ٹیچر کو Forever disqualify کر لیتے ہیں ڈیوٹی کیلئے، یہ میرے خیال میں انتہائی سزا ہے۔ اس کے علاوہ بھی اگر وہ Propose کرنا چاہیں تو وہ دیدیں۔ ہم دیکھ لیتے ہیں، اگر رولز میں کوئی گنجائش ہو تو انشاء اللہ ہم وہ بھی Follow کر لیتے ہیں۔

